بسم اللہ الرحمن الرحیم

نابالغ سمجھدار کا دوسرے نابالغ کو اپنے پیسوں سے عیدی دینا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں، کہ نابالغ سمجھدار لڑکا، جس کی عمر تقریباً آٹھ سال ہے، کیا وہ اپنے نابالغ بھانجے (جو ابھی چند دن کا ہے) کو، اپنی ذاتی رقم سے، عیدی وغیرہ دے سکتا ہے؟

جواب

نابالغ اگرچہ سمجھدار ہو، اپنی ذاتی رقم سے کسی کو عیدی وغیرہ گفٹ نہیں دے سکتا؛ کیونکہ نابالغ، ہبہ (گفٹ) کرنے کا اہل نہیں۔ اگر کرے گا تو اس کا یہ ہبہ باطل ہوگا، حتیٰ کہ اس کا والد یا ولی بھی اس کا مال کسی کو ہبہ (گفٹ) نہیں کر سکتا۔

ردالمحتار علی الدرالمختار میں ہے "وشرائط صحتها في الواهب: العقل والبلوغ والملك فلا تصح هبة صغير ورقيق" ترجمہ: ہبہ کے صحیح ہونے کے لئے واہب (ہبہ کرنے والا) میں ان شرائط کا پایا جانا ضروری ہے: عقل، بلوغت، ملکیت، لہذا نابالغ اور غلام کا ہبہ صحیح نہیں۔ (ردالمحتار علی الدرالمختار، جلد 8، صفحہ 568، مطبوعہ: کوئٹہ)

احکام الصغار میں ہے "ولو ان الصبی۔۔۔ وهب ماله او تصدق به۔۔۔ فهذه العقود كلها باطلة لا تتوقف" ترجمہ: اور اگر بچے نے اپنا مال ہبہ کیا یا اسے صدقہ کیا، تو یہ تمام عقود باطل ہیں، موقوف نہیں ہوں گے۔ (احکام الصغار، ص 182، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

باپ کے لیے بھی جائز نہیں کہ وہ نابالغ کے مال کو ہبہ کرے، جیسا کہ درِمختار میں ہے "وفيها: لا يجوز ان يهب شيئاً من مالِ طفله ولو بعوض لانها تبرع ابتداء" ترجمہ: خانیہ میں مذکور ہے کہ باپ کے لئے جائز نہیں، کہ وہ بچے کے مال میں سے کوئی چیز ہبہ کرے، اگرچہ یہ ہبہ بالعوض ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ یہ ابتداءً تبرع ہے۔ (الدرالمختار مع ردالمحتار، کتاب الھبۃ، ج 08، ص 583، مطبوعہ: کوئٹہ)

بہار شریعت میں ہے "باپ کو یہ جائز نہیں کہ نابالغ لڑکے کا مال دوسرے لوگوں کو ہبہ کردے اگرچہ معاوضہ لے کر ہبہ کرے کہ یہ بھی ناجائز ہے اور خود بچہ بھی اپنا مال ہبہ کرنا چاہے تو نہیں کر سکتا یعنی اُس نے ہبہ کردیا اور موہوب لہ کو دیدیا اُس سے واپس لیا جائے گا کہ ہبہ جائز ہی نہیں۔" (بہار شریعت، جلد 3، حصہ 14، صفحہ 81، مکتبۃ المدینۃ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد فراز عطاری مدنی

فتوی نمبر:WAT-4939

تاریخ اجراء:09ذوالقعدۃ الحرام1447ھ/27اپریل2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net